بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جڑی بوٹیوں سے علاج

طب اسلامی کے عجیب و غریب نسخہ جات کا منفرد مجموعہ

مرتبہ

حکیم سید شاہ اکرام حسین سیکروی

کتب خانہ
طبیب

شیخ الرئیس فاؤنڈیشن

جڑی بوٹیوں سے علاج

کتب خانہ
طبیب

مرتّبہ

حکیم سیّد اکرام حسین شاہ سیکری

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	جڑی بوٹیوں سے علاج
مصنف	حضرت سید اکرام حسین چشتی سیکروی
نگران	حکیم افتخار حسین اظہر چشتی علی شیر چشتی
معاون	بلال سومرو چشتی
کتابت	محمد اسلم خوشنویس قصور
سال تصنیف	1996
سال اشاعت اول	1997
تعداد اشاعت بار اول	1000
پریس	
قیمت	20/= روپے

ملنے کا پتہ

شیخ الرئیس فاؤنڈیشن

مکان نمبر 1530 ہیر آباد میرپور خاص سندھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پیش لفظ

یہ مختصر رسالہ "جڑی بوٹیوں سے علاج" کے موضوع پر لکھا جا رہا ہے۔ اس میں اکثر نسخے صرف مفرد دوا کے ذریعہ علاج کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ بہت سے نسخے ایک سے زیادہ اجزاء پر مشتمل ہیں۔ اہتمام یہ کیا گیا ہے کہ ہر نسخہ اگر مرکب ہو تو مختصر اجزاء پر مشتمل ہو۔ ہر ایک دوا ایسی ہو جو ہر جگہ ہر وقت بآسانی دستیاب ہو سکتی ہو۔ عام فہم ہو۔ قیمت بھی زیادہ نہ ہو۔ بنانے اور استعمال کرنے میں بھی سہولت ہو۔

دراصل یہ رسالہ غریب بیماروں کے لئے لکھا جا رہا ہے۔ خداوندِ کریم اس رسالہ کو غریب اور نادار مریضوں کے لئے صحت و شفا کا موجب بنائے۔ میری لکھی ہوئی تمام طبی کتابیں دراصل اس جذبہ کے تحت لکھی گئی ہیں کہ اللہ تعالےٰ تمام بیماروں کو ان کے ذریعے شفا بخشے۔ خاص طور پر غریبوں کو فائدہ پہنچے۔ امید ہے کہ یہ کتاب بھی غریب مریضوں کے لئے شفاء کا سبب ہوگی۔

سید اکرام حسین سیکری

سیکر ہاؤس لطیف آباد۔ ۳۰ / جولائی ۱۹۹۰ء

برائے دفع جریان وسیلان

یہ مختصر نسخہ بہت مفید ہے:

برگ درخت گولر سبز دو تولہ لے کر گھوٹ چھانکر شکر سے میٹھا کر کے چند یوم پلائیں۔ فائدہ ہوگا۔

ملیریا بخار کے لیے

ملیریا بخار میں پسی ہوئی کالی مرچ اور نمک لیموں پر لگا کر کھلانا بہت فائدہ بخش ہے۔

گرمی کا بخار

لیموں کا اچار کھانے سے گرمی کا بخار اور بڑھی ہوئی تلی دور ہو جاتی ہے۔

نکسیر بند کرنے کے لیے

نکسیر بند کرنے کے لئے ایک گلاس پانی میں آدھا لیموں نچوڑ کر ناک پر چڑھانے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

منہ کے چھالے

ایک گلاس گرم پانی میں ایک عدد لیموں نچوڑ کر اس پانی سے غرارے

کرنے سے مُنہ کے چھالے دُور ہو جاتے ہیں۔

موٹاپا دُور کرنے کے لیے

متواتر کئی ماہ تک پانی میں لیموں کا رس اور نمک مِلا کر دن میں دو تین بار پی لیا جائے تو موٹاپا دُور ہو جاتا ہے۔

دفع دردِ سر کے لیے

تخم ستیاناسی کا تیل چند قطرے پیشانی پر ملیں اور دو دو قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

دردِ اُل کے لیے

جنگلی اوپلہ کی راکھ پر آک کے دودھ کے چند قطرے ڈال کر کھرل کر کے نسوار بنائیں۔ اِس کے استعمال سے چھینکیں آئیں گی اور آرام ہوگا۔

دردِ اُل کے لیے

ریٹھہ کو پانی میں گھس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور دو بوند ناک میں ڈالیں۔

سرسام کے لیے

سرسام کے بے ہوش مریض کی ناک میں چند قطرے نمک کا پانی ٹپکائیں۔ انشاءاللہ اسی وقت ہوش میں آجائے گا۔

لُو لگ جانا ایک آم لے کر بھوبل میں پکا کر اس کا رس

نچوڑ کر شکر ملا کر ٹھنڈا کر کے پلائیں۔ اس مرض کے لیے یہ بہت مفید ہے۔

نوٹ: برفیلی سے کر پانی میں گھول کر برف سے ٹھنڈا کر کے پلانا بھی اس مقصد کے لیے مفید تدبیر ہے۔

بال چر کے لیے

آک کا دودھ دس یوم تک مقام مرض پر خوب ملیں۔ بہتر ہو گا۔

جوئیں پڑ جانا

پارہ کو گھی میں ملا کر لگانا نہایت کامیاب علاج ثابت ہوتا ہے۔

نوٹ: میرے سابقہ وطن سیکر میں ہماری رہائشی حویلی میں میری والدہ محترمہ اور گھر کی دیگر خواتین کا معمول تھا کہ وہ سر میں جوئیں پڑ جانے کی صورت میں تھوڑا سا پارہ ایک کٹوری میں ڈال کر اس میں تھوڑا سا میٹھا تیل ملا کر تھوڑی دیر انگلی سے دونوں کو ملاتی رہتی تھیں۔ پارہ تیل میں ملتا نہیں تھا۔ وہ تیل سر میں لگا دیتی تھیں۔ اس عمل سے جوئیں مر جاتی تھیں۔

برائے نکسیر

اونٹ کے بال جلا کر نسوار لیں یا خچر اور گدھے کی تازہ لید سونگھائیں۔

نکتہ

اگر ناک سنکتے وقت خون کی آمیزش ہو تو گھی گرم کر کے دو تین دفعہ نسوار لیں۔ مجرب ہے۔

آشوبِ چشم

ستیاناسی کی ٹہنی توڑیں۔ جو دُودھ نکلے سلائی پر لگا کر استعمال کریں۔ نہایت مفید علاج ہے۔

آنکھ سے پانی بہنا

پھٹکری اور ہڑ ہم وزن پیس کر بطور سُرمہ استعمال کریں اور داخلی طور پر مغز ناریل کھایا کریں۔

آنکھ میں سفیدی

اِس مرض کے لئے پیاز کا بیج (تخم) پیس کر مثلِ غبار کر کے سلائی سے سُرمہ کی طرح آنکھ میں لگایا کریں۔

آنکھ کا درد

آنکھ کے درد کے لئے برگد کے دُودھ کی سلائی آنکھ میں لگائیں۔

ضعفِ بصر

چنبیلی کے پھول کی پتیاں برابر وزن مصری ملا کر کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں۔

جالا دُور کرنے کے لیے

جب آنکھ میں جالا پڑ جائے تو بارہ سنگا کے سینگ کو دُودھ میں گھس کر لگانا مفید علاج ہے۔

امراضِ گوش کے لیے

کان کا درد، کان کا رِسنا اور پیپ آنا وغیرہ کے لیے یہ مفید تدبیر ہے:
سرسوں کے تیل میں کیکر کے پھول جلا کر تیل کو چھان کر صاف کر لیں اور نیم گرم کان میں ڈالیں۔

ایضاً

صد برگ کے پتوں کا رس نیم گرم کان میں ڈالیں یا سنیا ناس کا تیل دو بوند کان میں ڈالیں۔ نیز پیاز کا پانی ڈالنا بھی مفید ہے۔

دردِ گوش کے لیے

مکوہ کے پتے لے کر پانی نکالیں اور نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

بہرہ پن

اگر پرانا نہ ہو تو پیاز بھوبل میں دبا کر پکا کر اس کا پانی کان میں ٹپکائیں چند روز میں فائدہ ہوگا۔

کان میں ورم

اس کے لئے انڈے کی سفیدی کان میں ٹپکانا مفید ہے۔

زبان کے چھالے

مکوہ کے پتے منہ میں چبائیں اور تھوک دیں۔ فائدہ ہوگا۔

گلے کا دَرد

سیاہ توت کے پتوں کا جوشاندہ بنا کر غرارے کرنا نہایت عمدہ علاج ہے۔

معمولی کھانسی کے لیے

ملٹھی مقشر کا ٹکڑا مُنہ میں رکھ کر چوسا کریں۔

کھانسی کے لیے

مقعد میں سرسوں کا تیل لگانا کھانسی کے لیے فائدہ بخش ہے۔

دِل و جگر کی قوت کے لیے

کچے شلغم جو دل پسند اور میٹھے ہوں بہت مقوئ دل و جگر ہیں۔

خُون کا دباؤ

اِس کے لیے لیموں کی سکنجبین کا لگاتار اِستعمال بہت مفید ہے۔

جگر کی اکثر بیماریوں کے لیے

قلعی گر جس برتن میں قلعی شدہ برتن بجھاتا ہے اِس پانی کو لے کر مقطر کریں اور تین بار دِن میں پیا کریں۔ نہایت مفید ہے۔

امراضِ معدہ کے لیے

مولی اکسیر ہے مگر خود ہضم نہیں ہوتی۔ مُولی کے ٹکڑوں پر چار پانچ

گھنٹے نمک لگا کر رکھیں۔ پھر کھائیں۔ اس کے بعد تھوڑا گڑ کھائیں تا کہ مولی بھی ہضم ہو جائے۔

برائے تقویتِ معدہ

تازہ امرود بغیر نمک مرچ اور چاقو لگائے کھانا نہائت مفید ہے۔

ہیضہ دُور کرنے کے لیے

مرچ سُرخ کا چھلکا، قند سیاہ کہنہ ہم وزن لے کر کوٹ کر گولیاں ماش کے دانے کے برابر بنائیں۔ ایک گولی پانی یا چائے سے ۱۵-۱۵ منٹ کے بعد کھلائیں۔ ہر قسم کے ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

پیچش کے لیے

جامن کے سبز پتے کوٹ کر پانی نکالیں۔ چینی ملا کر دو تین گھونٹ دن میں تین بار پلائیں۔

برائے پیچش خُونی

گڑ کے میٹھے چاول پکا کر آم کے اچار کے ساتھ کھلائیں۔ بہت مفید تدبیر ہے۔

برائے دفع اسہال

پیپل کی چھال بقدرِ ضرورت لے کر باریک کریں اور بوقت ضرورت پانی سے پھانکیں۔ دستوں کو بند کرنے اور مثانہ کی کمزوری کو دور کرنے میں بہت مفید ہے۔

برائے پیچش

دارچینی پسی ہوئی ۲ ماشہ چینی ملا کر دن میں ۳ مرتبہ پانی سے کھلائیں۔ ہر قسم کی پیچش کے لئے مفید ہے ۔

پیچش کے لیے

گوند کیکر ایک تولہ آٹے میں گُوند کر روٹی پکا کر کھانا پیچش کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ تدبیر اپنے اثر میں عجیب ہے ۔

تلی کو درست کرنے کے لیے

مُولی کے ٹکڑوں پر نمک اور نوشادر لگا کر کھا لیا کریں یا گھیکوار کے پتّے ایک طرف سے صاف کر کے اِس پر نمک اور نوشادر لگا کر رکھیں اور صبح کو وہی کھا لیں مفید علاج ہے ۔

کمیٔ خون اور کمزوری کے لیے

یہ تدبیر بہت مفید ہے : لوہے کا ایک چھٹانک بھر کا ٹکڑا لے کر آگ میں سُرخ کر کے پانی میں بُجھا کر پئیں کُشتہ فولاد کا اثر رکھتا ہے ۔

پیشاب کی بندش کے لیے

کھانے والا سوڈا (سوڈا بائیکارب) پانی میں حل کر کے پلانا پیشاب لاتا ہے۔

پیشاب لانے کے لیے

سُرخ مرچ کا گُودہ یعنی تخم نکال کر شہد میں کھرل کر کے چاٹیں۔ فوراً

پیشاب لائے گا۔ یہ مختصر سا نُسخہ مفید ہے۔

رُک رُک کر پیشاب آنا

پیلو کا پانی پیشاب لانے والا بھی ہے اور پتھری کو بھی خارج کرتا ہے۔

پیشاب کی زیادتی دُور کرنے کیلئے

پیپل کی چھال باریک کر کے دن میں دو تین مرتبہ پانی سے کھلائیں اس عمل سے پیشاب کی زیادتی دُور ہو گی۔

سوتے میں پیشاب نِکل جانا

یا بہت دفعہ آتا ہو تو چٹکی بھر تخمِ جامن کا سفوف دن میں تین بار پانی سے کھلائیں۔ تخمِ جامن جتنا پرانا ہو گا مفید ہو گا۔

پیشاب کی زیادتی دُور کرنے کیلئے

پیپل کا چھلکا جو خود بخود گرا ہوتا ہے پیس کر مثلِ غبار سفوف بنائیں اور ۴ ماشہ روزانہ پانی سے کھلائیں۔ ۱۵-۲۰ یوم کے اِستعمال سے اِس بیماری سے نجات مِل جاتی ہے۔

دردِ گردہ و مثانہ کے لئے

پھکنڈ کی راکھ ۶ ماشہ پانی سے کھلائیں۔ گُردہ و مثانہ و سنگ گزیدہ کے لئے نہائت مفید ہے

برائے دردِ گردہ

جنگلی کبوتر کی بیٹ جو سفید رنگ کی ہو پیس کر چلیئے کے ساتھ دیں۔ دردِ گردہ کو آرام آجانے کے بعد اس کا عمل جاری رکھنا ضروری ہے۔ پھر درد نہ ہوگا۔

ہر قسم کے بخاروں کے لئے

یہ نسخہ بہت مفید ہے۔ راقم الحروف کے والدِ بزرگوار حضرت مولانا حکیم سید سجاد حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مطب میں بکثرت استعمال کیا جاتا تھا۔ تلسی کے تازہ پتے اور مرچ سیاہ ہم وزن لے کر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بخار آنے سے قبل دو گولیاں پانی سے کھلا دیں

یرقان دور کرنے کے لئے

مولی کے ڈنٹھلوں کا پانی پاؤ بھر دن میں دو بار پلائیں۔ بہت مفید ہے۔ پیشاب کے راستے تمام گرمی نکال دیتا ہے۔

جلندھر کے لئے

گائے کا پیشاب دو تین گھونٹ پلائیں۔ عجیب نسخہ ہے۔

کان سے پیپ آنا

روئی کی بتی شہد میں تر کر کے انزروت کا سفوف چھڑک کر کان میں رکھنا پیپ آنے کے لئے نافع ہے۔

قوتِ بصات کیلئے

شہد سلائی کے ذریعے آنکھوں میں لگانا مفید تدبیر ہے۔

ری کو بھی خارج کرتا ہے۔

یہ پانی سے کھلائیں اس

دن میں تین بار پانی

غبار سفوف بنائیں

استعمال سے اس

مثانہ وسگ گزیدہ

دمہ اور کھانسی کے لئے

شہد چاٹنا بہت مفید اور فائدہ بخش تدبیر ہے۔

بدن کو قوت دینے کے لئے

گرم دودھ میں شہد ملا کر پینے سے بدن قوی ہو جاتا ہے اور قوتِ باہ بڑھ جاتی ہے

موٹاپا کم کرنے کے لئے

روزانہ دن میں کم از کم تین مرتبہ ایک ایک لیموں بہت سے پانی میں ملا کر پلایا کریں۔ نیز مریض کو ہدایت کر دیں کہ جہاں تک ممکن ہو دوپہر کا کھانا ۲ بجے سے پہلے نہ کھائے اور ناشتہ کم کرے۔ چند روز میں فائدہ معلوم ہوگا۔

برائے ذیابیطس

آم کے ایسے پتے جو خود جھڑ جائیں اِکٹھے کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر انکو باریک پیس لیں۔ بس ایک مفید دوا تیار ہے۔ ڈیڑھ ماشہ سفوف صبح و شام پانی سے کھلائیں۔

پتھری کے لئے

مُولی کو کُوٹ کر پانی نِکال لیں اور روزانہ ۴ تولہ صبح پلایا کریں۔ اِس سے اکثر پتھری ٹُوٹ جاتی ہے اور پیشاب کی راہ خارج ہو جاتی ہے۔

دَمہ کے لئے

اگر دمہ کی شکائت بچپن سے ہو یا عمر کے کسی بھی حصہ سے شروع ہو گئی

ہو تو یہ نسخہ استعمال کریں۔ انشاءاللہ دمہ ہمیشہ کے لئے دور ہو گا۔

مکوہ ایک خودرو سبزی ہے بطور سبزی خالص گھی میں پکائیں اور مریض کو کھلائیں۔

گیہوں کا دلیہ بھی خالص گھی میں پکائیں اور بطورِ دوا صبح و شام کھائیں انشاءاللہ دو تین ماہ میں دمہ اور بواسیر سے نجات ہو گی۔

دمہ کے دورے کے وقت لہسن کے رس کے پانچ سے دس قطرے پانی میں ملا کر مریض کو پلائیں۔ اس سے دم کشی، کھانسی، سانس پھولنا ختم ہو جائے گا اور مریض کو سکون ملے گا۔

سفید پھٹکری کا سفوف، شہد خالص میں ملا کر صبح ہی صبح نہار منہ استعمال کر لینے سے صرف سات دن میں دمہ اکثر دور ہو جاتا ہے۔

نیز روزانہ ایک کیکڑے کا جوس پینا بھی مفید ہے۔

پتھری کے لئے

نمک مولی اصلی ۶ رتی
نمک خربوزہ ۶ رتی

ملا کر شربت بزوری یا تازہ پانی سے دیں۔ بغیر تکلیف کے اکثر پتھری خارج ہو جاتی ہے۔

پتھری کے لئے

مولی کا پانی نکال کر اس میں ۶ ماشہ کلتھی اور ۳ ماشہ قلمی شورہ حل کر کے دن میں ایک مرتبہ روزانہ پلا دیا جائے تو عموماً دو ہفتوں میں پتھری ٹوٹ کر نکل جاتی ہے۔

نیز مولی کا پانی سیر بھر لے کر آگ پر پکائیں یہاں تک کہ ایک جمی ہوئی

باقی رہ جائے تو اس میں سے ایک ماشہ روزانہ گرم پانی سے کھلانا پتھری کو

دیتا ہے۔

ناخنوں پر دھبے

اگر ناخنوں پر دھبے پڑ جائیں تو عرق لیموں سے دھوئیں۔ دھبے دُور ہوں گے۔

پھوڑے کے لئے

اگر سر میں پھوڑے نکل آئیں تو آبِ لیموں ایک تولہ۔ روغنِ ناریل ایک تولہ اور کافور ۳ ماشہ ملا کر پھوڑے پر لگائیں۔ ان شاءاللہ دو تین بار کے استعمال سے پورا فائدہ ہوگا۔

پِتّی اُچھلنا

اس مرض کے لئے شربت لیموں میں عرقِ گلاب شامل کر کے بکثرت پلانے سے افاقہ ہو جاتا ہے۔ اگر اس میں بارش کا پانی یا آبِ زمزم کو شامل کر دیا جائے تو بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔

زخم کے لئے

اگر جسم کے کسی حصہ پر زخم ہو جائے تو آئیوڈین کے بجائے لیموں کا رس لگائیں۔ اس سے جلد بے حس نہیں ہوگی بلکہ زخم مندمل ہو جائے گا۔ کیونکہ لیموں کا رس جراثیم زخم میں داخل نہیں ہونے دیتا۔

جلد کی اصلاح کے لئے اگر لیموں کے رس میں عرق گلاب ملا کر

چہرے پر ملیں تو جلد نرم اور چمکدار ہو جاتی ہے اور چہرے کی جھریاں دور ہو جاتی ہیں۔ سردی کی وجہ سے ہاتھوں کی جلد پھٹ جائے تو عرق لیموں کی مالش کر کے موم کا تیل تین چار دفعہ لگائیں۔ مفید ہے۔

بچوں کے دانتوں کے لئے

کف دریا کو باریک کر کے شہد میں ملا کر مسوڑھوں پر ملنے سے بچوں کے دانت بآسانی نکل آتے ہیں

مرگی کے لئے

مرگی کے مریض کو روزانہ صبح پیاز کا عرق تین اونس پلانا بہت زیادہ مفید ہے

زخم بھرنے کے لئے

نیم کے خشک پتوں کو باریک کر کے زخموں پر چھڑکنے سے زخم بہت جلد بھر کر صاف ہو جاتے ہیں۔ دیہات میں یہ نسخہ استعمال کرنا چاہیئے۔

خون آنا

دانتوں اور مسوڑھوں سے خون آتا ہو تو امرود کے چھلکے کو پانی میں اُبال کر کلی کریں۔ خون آنا بند ہو جائے گا۔

سفید بالوں کو سیاہ کرنا

ایک ناریل لیں اور اس کی کھوپڑی کو جلا کر ناریل کے تیل میں ملا کر رات

کو سوتے وقت لگا کر سر پر رومال باندھ کر سو جائیں۔ روزانہ اس طرح کریں۔ چند روز میں بال سیاہ ہونے لگیں گے۔

خواب آور گولیوں سے نجات

خواب آور گولیوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے ایسے مریض اگر پیاز کا شوربا چند روز نوش فرمائیں تو کم خوابی کی شکایت ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتی ہے اس کا استعمال گہری نیند لاتا ہے۔

کئی بیماریوں کیلئے یکساں مفید

گلے کے بڑھے ہوئے غدود، کالی کھانسی، دمہ، پھیپھڑے اور حلق کی دق نزلہ زکام، ذیابیطس، سر درد، موتیا بند، مرگی، معدے کے زخم اور بواسیر کے امراض میں مختلف طریقوں سے پیاز کا استعمال شفا کی مکمل ضمانت ہے۔

زہریلے جانوروں کا کاٹنا

زہریلے کیڑوں کے کاٹنے کا علاج پیاز کا پانی ہے۔ سانپ، بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو جسم کے اس عضو پر پیاز اور نوشادر کا پانی لگائیں۔ سوزش ختم ہو جائے گی۔

گنج کا بہترین علاج پیاز کا عرق ہے۔ اس کا سر پر مسلسل مالش کرنے سے بال دوبارہ اُگ آتے ہیں۔

جزو اعظم بھی پیاز ہی ہے۔ روم کے بادشاہ کے لئے مشہور ہے کہ وہ اپنی آواز کو بہتر بنانے کے لئے پیاز کا استعمال کیا کرتا تھا۔

نکتہ ۴: ہاضمہ کی ساری خرابیوں کے لئے شہد اکسیر دوا ہے۔ بچوں، جوانوں اور بوڑھوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ دل کی تقویت کے لئے شہد قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے۔

موٹاپا دُور کرنے کے لئے

آک کے پتوں کی راکھ دو رتّی دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

بواسیر کے لئے

سیپیاں دو تولہ لے کر ایک سیر کوئلوں میں جلا کر رکھ لیں۔ جب جل کر راکھ ہو جائیں تو ایک ایک ماشہ کی پڑیاں بنا لیں اور آدھ سیر دہی کی لسی کے ساتھ کھلائیں۔

جَل جانا

آلو کا لُبدہ کر کے جلی ہوئی جگہ پہ لگائیں۔ آبلہ نہیں پڑے گا۔

باری کا بخار

باری کے آنے والے بخار سے ایک گھنٹہ پہلے آک کی کونپل دو عدد لے کر پان میں رکھ کر کھلا دیں۔ بہت مفید ہے۔ ایک دو روز میں فائدہ ہو جاتا ہے

بچوں کی پسلی چلنا یا نمونیا

لسن کے ایک یا دو جوئے لے کر آگ میں خوب جلائیں۔ جب کوئلہ ہو جائے

تو پیس کر دودھ میں ملا کر پلائیں۔ انشاءاللہ دس منٹ میں بچہ اچھا ہو جائے گا۔

بواسیر خونی

اِس کے لئے تارامیرا بھی بہت مفید ہے۔ اس کے دانے ۹ ماشہ تک دن میں تین چار مرتبہ چبا کر کھاتے رہیں۔ اِنشاءاللہ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔

بواسیر کے لئے

کالی زیری ۳ ماشہ پیس کر مکھن کے ساتھ تین دن تک نہار منہ کھلائیں یہ بھی خونی بواسیر کے لئے مفید ہے۔

پیٹ کے کیچوے اور دوسرے کیڑے

پنیر بوٹی ایک تولہ لے کر ایک پاؤ پانی میں جوش دیں۔ پھر چھان کر رات کو پلا دیں۔ چند روز پلانا کافی ہوگا۔ پنیر بوٹی کو طبی زبان میں تخمِ حیات کہتے ہیں۔

پیشاب بند ہونا

اگر پیشاب بند ہو گیا ہو تو ناف میں بھینس کے کان کا مَیل رکھیں۔ اِنشاءاللہ تھوڑی دیر میں خوب کھل کر پیشاب ہوگا۔

ضعفِ بینائی کے لئے

یہ نسخہ بہت مفید ہے: سہانجنہ کے سبز پتوں کا پانی اور خالص شہد ہم وزن ملا کر آنکھوں میں ڈالا کریں۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے بڑا فائدہ ہوگا۔

امراضِ چشم کی ایک ہی دوا

قندھاری انار کا پانی ½ سیر۔ کوزہ مصری ایک پاؤ۔

مصری کو کوٹ پیس کر انار کے پانی میں ملا کر رکھ لیں اور ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالا کریں۔ آنکھ کی سُرخی، ککرے، رُوہے، ڈھلکا اور خارش وغیرہ کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔ نظر کی کمزوری بھی دُور ہوتی ہے۔

بَرص کے لئے

یہ ایک عام بُوٹی ہے۔ اس کے پتوں کو برص کے داغوں پر دن میں ۳/۴ مرتبہ مَل دیا کریں۔ اِس کی بھجیا دونوں وقت مرچ سیاہ اور سیندھا نمک ملا کر کھلایا کریں۔ نہایت سادہ اور حیرت انگیز نسخہ ہے۔ یہ نسخہ کم از کم ۲ ماہ تک اِستعمال کریں۔

جنون کے لئے

چھوٹی چندی حسبِ ضرورت لے کر کُوٹ پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور بقدر ایک رتی کیپسول میں بند کر کے پانی سے کھلائیں۔ اس کی پہلی ہی خوراک سے شورش انگیز جنون کے مریض کو نیند آ جاتی ہے اور گہری نیند آتی ہے۔ چند ہی روز میں مرض پاگل پن، اِختناق الرحم (ہسٹریا) مراق اور مالیخولیا کا مرض دُور ہو جاتا ہے۔

کچے کُشتے کی مضرت دُور کرنے کیلئے

تُلسی مشہور بُوٹی ہے جو پارے کے کچے کُشتے کو ایک ہی ہفتہ میں پیشاب

کے راستے خارج کر دیتی ہے۔ اِس کے دو تولہ پتے لے کر پانی مِلا کر خُوب گھوٹیں اور چھان کر صبح نہار منہ پلائیں۔ ایک ہفتہ میں پارہ کا کچا کشتہ پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گا۔ اگر اس کے ساتھ مکوہ کے سبز پتے دو تولہ بھی شامل کر دیں تو اور بھی بہتر ہو گا۔

دردِ گُردہ کے لئے

سَت خرُبوزہ ایک چُٹکی بھر کھا کر پانی پی لیں۔ بہت مُفید ہے۔

سَت بنانے کی ترکیب: خربوزے کے چھلکے جلا کر تھوڑے پانی میں حل کر کے نرم آگ پر رکھ دیں۔ پانی خشک ہو جائیگا۔ جو کچھ بچے وہی خربوزے کا سَت ہے۔

دِل کی کمزوری اور گھبراہٹ

اِس کے لئے یہ نُسخہ مفید ہے: طباشیر ایک تولہ، برگ گاؤزبان ۵ تولہ دونوں کو پیس کر سفوف بنائیں۔ بوقتِ ضرورت ایک ایک ماشہ پانی سے کھِلائیں مفید نُسخہ ہے۔

رتوندی کے لئے

پیاز کا عرق مقطر کر کے آنکھ میں ڈالیں۔

سیلانُ الرحم کے لئے

ستاور کوٹ کر سفوف بنا کر رکھ لیں اور نہار مُنہ ایک تولہ کھا کر ایک پاؤ بھر گرم دُودھ پی لیں۔ پندرہ دن تک کھلائیں۔ بہت مقوّی بھی ہے اور ملیّن بھی ہے۔

کے راستے خارج کر دیتی ہے۔ اِس کے دو تولہ پتّے لے کر پانی مِلاکر خوب گھوٹیں اور چھان کر صبح نہار منہ پلائیں۔ ایک ہفتہ میں پارہ کا کچا کشتہ پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گا۔ اگر اس کے ساتھ مکوہ کے سبز پتے دو تولہ بھی شامل کر دیں تو اور بھی بہتر ہو گا۔

دردِ گُردہ کے لئے

سَت خرُبوزہ ایک چُٹکی بھر کھا کر پانی پی لیں۔ بہت مُفید ہے۔

سَت بنانے کی ترکیب: خربوزے سے چھلکے چِلا کر تھوڑے پانی میں حل کر کے نرم آگ پر رکھ دیں۔ پانی خشک ہو جائیگا۔ جو کچھ بچے وہی خربوزے کا سَت ہے۔

دِل کی کمزوری اور گھبراہٹ

اِس کے لئے یہ نسخہ مفید ہے: طباشیر ایک تولہ، برگِ گاؤزبان ۵ تولہ دونوں کو پیس کر سفوف بنائیں۔ بوقتِ ضرورت ایک ایک ماشہ پانی سے کھلائیں مفید نُسخہ ہے۔

رتوندی کے لئے

پیاز کا عرق مقطر کر کے آنکھ میں ڈالیں۔

سَیلانُ الرحم کے لئے

ستاور کُوٹ کر سفوف بنا کر رکھ لیں اور نہار مُنہ ایک تولہ کھا کر ایک پاؤ بھر گرم دُودھ پی لیں۔ پندرہ دن تک کھلائیں۔ بہت مقوّی بھی ہے اور ملیّن بھی ہے۔

دردِ سر

پسے ہوئے نمک کی نسوار لینے سے دردِ سر کافور ہو جاتا ہے۔

دردِ شقیقہ کے لئے

پٹرول کسی چینی کی پیالی میں ڈال کر روئی کے ساتھ پیشانی پر نصف گھنٹہ تک لگاتے رہنا دردِ شقیقہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

نوٹ: آنکھوں کو پٹرول سے بچانا چاہیئے پیشانی پر پٹرول لگانے سے جلن سی پیدا ہوتی ہے۔ اِس سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔

سدر دوار کے لئے

گل گاؤزبان ۲ تولہ مصری کوزہ ۲ تولہ

باریک سفوف بنائیں۔ بوقتِ ضرورت ٦ ماشہ یہ سفوف گائے کے دودھ کے ساتھ نہار منہ کھائیں۔

برائے تقویتِ دماغ

زردی بیضہ مرغ ۲ عدد آدھ سیر دودھ میں خوب اچھی طرح حل کرکے شہد سے میٹھا کرکے پلائیں۔ بے حد مفید ہے۔

ایک عجیب نسخہ

کچائی خشک کرکے باریک پیس لیں اور قبل از جماع انگلی سے اندام نہانی میں لگائیں۔ بعد ازاں مصروفِ کار ہوں۔ بے اندازہ لطف آئے گا۔

چوٹ کا علاج

ایک گرہ سونٹھ اور اس کے برابر گیرو پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ چوٹ کو فوراً آرام ہوگا۔

نہارو کے لئے

سرکہ : ۲ر۳ تولہ نمک ڈال کر پی لیا کریں اور نہارو کی جگہ پر املی کے پتے پانی میں بھگو کر گرم کر کے پی لیا کریں۔ تین روز میں یہ بیماری جاتی رہے گی۔

دیگر

اسی طرح اگر درخت املی کی کونپل پانی میں پیس کر مریض کو پلائیں اور املی کے پتے گرم کر کے نہارو پر باندھیں تو بہت جلد آرام ہوگا۔

اگر قے میں خون آئے

گیرو : ۳ ماشہ
صندل سفید : ۳ ماشہ

دونوں کو باریک پیس کر مریض کو پلائیں۔ فائدہ ہوگا۔

منہ سے بو آنا

زیرہ سفید ۱۸ ماشہ صبح نہار منہ کھا لیا کریں۔ انشاءاللہ دو ہفتہ میں منہ کی بو دور ہوگی۔ نیز اگر موٹھ ایک ہفتہ تک متواتر کھائیں تب بھی گندہ دہنی دور ہوگی۔

برائے ضیق النفس

تخم انگور ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ

دونوں کو مناسب پانی میں پیس کر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام۔ دمہ کے لئے یہ گولیاں مفید ہیں۔

برائے دمہ

جَو : ۶ تولہ۔ عرقِ انگور میں بھگوئیں اور سایہ میں خشک کریں۔ جب خشک ہو جائیں تو بھاڑ میں بھنوائیں اور حفاظت سے رکھ لیں۔ سردی کے موسم میں دو تین دانے نگل لیا کریں۔ خدا کے فضل سے آرام ہوگا۔

برائے دَفع لقوہ

تخم مالکنگنی سات یا آٹھ دانے روزانہ کھائیں اور ہوا سے بچیں۔ چند روز میں صحت ہو جائے گی۔

مالکنگنی کے کھانے کے دَوران ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں بے حد ضروری ہے ورنہ فائدہ کے بجائے نقصان ہوگا۔

بغل کا بدبُودار پسینہ

مردار سنگ کو پرانے سِرکہ میں پیس کر بغل کے اندر لگائیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے بدبُو دور ہوگی۔

پیشاب بند ہو جانا

اگر کافور کی بتّی سوراخِ ذکر میں رکھیں تو پیشاب فوراً کھل کر آجائے گا۔

دیگر : بند پیشاب کھولنے کے لئے تھوڑا سوراخِ ذکر میں

رکھے تب بھی پیشاب کھل کر آجائے گا۔

برائے ترقی عقل و ذہن

مصطگی رومی : ۶ ماشہ تنکر تری : ۶ ماشہ

ملا کر روزانہ کھائیں جس چیز کا ایک دفعہ سرسری مطالعہ کر لیں گے، فراموش نہ ہوگی۔

برائے دفع مسلسل البول

جاوتری ایک ماشہ مصری : ایک ماشہ

باریک پیس کر صبح کے وقت پانی سے مریض کو کھلائیں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔

نکسیر کا خون بند کرنے کے لئے

اگر نکسیر جاری ہو اور بند نہ ہوتی ہو تو گکروندہ کی پتی پیس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ خون فوری بند ہوگا۔ اِن شاء اللہ!

برائے دفع دردِ شکم

بھنگرہ اور نمک لاہوری۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر رکھ لیں۔ دردِ شکم کے لئے اکسیر ہے۔ حلق سے اترتے ہی اپنا اثر دکھاتا ہے اور تڑپتے ہوئے مریض کو فوراً آرام پہنچاتا ہے۔

پستان کا چھوٹا ہونا: اگر پستان چھوٹے ہوں تو ساٹھی کے

بادلوں کو عرق چھال شمیمہ میں ملا کر پستانوں پر لیپ کریں۔ انشاءاللہ چند روز کے استعمال سے پستان بڑے ہو جائیں گے۔

پستان کی نرمی دور کرنا

کٹائی خورد کی جڑ ایک تولہ۔ پوست انار ایک تولہ۔ بیخ کدو ایک تولہ کوٹ کر چھان کر گائے کا مکھن ملا کر پستانوں پر لیپ کریں۔ چند روز کے استعمال سے پستان سخت ہو جائیں گے۔

برائے دفع بخار

مرچ سیاہ اور پیپل دراز ہر ایک ایک ماشہ ۱/۲ تولہ پانی میں پیس کر پلائیں۔ ترشی اور بادی سے پرہیز کریں۔ اس دوا سے ہر قسم کا بخار دور ہوگا۔

برائے بخار

تخم کرنجوہ پانی میں کھرل کریں اور ناک میں ٹپکا دیں۔ تب لرزہ دور ہوگا۔

برائے دردِ سر

ایک بادام کی گری نکال کر سرسوں کے تیل میں پیس کر سر پر مالش کریں۔ کالانت درد سر دور ہوگا۔

برائے خشک کھانسی

مصری اور گائے کا مکھن ملا کر چاٹیں۔ خشک کھانسی دور ہو جائے گی۔

برائے درد دنداں :۔

جوائن خراسانی کو پانی میں جوش دیکر کلیاں کریں مگر خیال رہے کہ پانی اندر نہ چلا جائے۔ درد دنداں دور ہوگا۔

خناق کی وجہ سے آواز بیٹھنا :۔

اس کے لئے یہ عمل کریں کہ کچھوے کو ایک لوٹے میں بند کر کے اس کا سانس سونگھیں اس تدبیر سے جلد فائدہ ہوتا ہے۔

عورتوں کے حیض کے امراض :۔

اکثر یہ امراض عورتوں کو بہت تنگ کرتے ہیں کپاس کے چند ڈوڈے لے کر پانی میں جوش دیکر پلائیں اس عمل سے حیض بافراغت آتا ہے۔

لاغر اور کمزور بچے :۔

جو سوکھے (مسان) کے مریض نظر آتے ہوں ان کو ٹماٹر کا رس صبح و شام دیا کریں اگر سردی کا موسم ہو تو ایک چھوٹا چمچہ شہد میں حل کر کے دیا کریں اس تدبیر سے بچے تندرست ہو جاتے ہیں۔

قے اور متلی :۔

اس حالت میں بھی ٹماٹر کا رس شکر اور کالی مرچ ملا کر دیں بچوں کے علاوہ بڑوں کو بھی یہ شکایت ہو تو دور ہو جاتی ہے۔

برائے دفع درد شکم :۔

آک کی جڑ نکال کر اس کا چھلکا اتار کر سایہ میں خشک کریں پھر اس کو باریک کر کے ہم وزن شکر ملا کر سفوف بنائیں ہیضہ اور پیٹ کا درد دور کرنے کے لئے مفید ہے یہ سفوف ۲۔۲ رتی بار بار چائے یا پانی سے کھلائیں۔

سرمہ مقوی بصر:۔

سرمہ سیاہ ایک چھٹانک لے کر ایک پاؤ برگ مولی سبز کے پانی میں کھرل کریں اور آنکھوں میں لگائیں بینائی تیز ہوگی۔

برائے سیلان الرحم:۔

تخم سلیادہ جو پنساریوں سے عام مل جاتا ہے آدھی چھٹانک لے کر خوب باریک کریں پھر ہم وزن شکر ملا کر ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں ایک ہفتہ تک کھلائیں صحت ہوگی عورتوں کے لئے بہت مفید ہے۔

برائے بواسیر خونی:۔

ناریل کی جٹ جلا کر راکھ کریں اور چھانکر رکھیں بوقت ضرورت ۳ ماشہ سفوف پانی سے کھلائیں اکثر ایک دو خوراک سے ہی فائدہ ہو جاتا ہے۔

اشارہ:۔

پرسیاشاؤں کا تیل سر کے بالوں کو غذائیت پہنچاتا ہے اور جڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔

نکتہ:۔

میں اضافہ کرتی ہے۔

اشارہ:۔

ترمس کا پانی چہرے کی جلد کو ڈھیلا نہیں ہونے دیتا اور نہ ہی چہرے پر جھریاں پڑنے دیتا ہے۔

بوڑھوں کا درد بدن:۔

اکثر بوڑھے لوگ درد بدن میں مبتلا ہو جاتے ہیں ان کے لئے یہ تدبیر مفید ہے روغن کنجد پاؤ بھر میں لہسن ۲ تولہ جلا کر مالش کریں اس عمل سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

کھانسی کے لئے:۔

بالخصوص بوڑھوں کی کھانسی کے لئے آگ کی جڑ مع چھلکا جلا کر راکھ کر لیں اور محفوظ رکھیں خوراک کے ۲ رتی شہد کے ساتھ کھلائیں۔

زخم سے خون بہنا:۔

اگر کسی حادثہ یا چاقو وغیرہ سے زخم ہو کر خون بہنے لگے اور بند نہ ہوتا ہو تو تھوڑی سی چائے پیس کر اسے زخم میں بھر دیں اور پٹی باندھ دیں اس عمل سے اکثر خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔

جل جانے کی صورت میں:۔

اگر کوئی شخص جل جائے تو دو انڈوں کی صرف سفیدی پھینٹ کر جلے ہوئے مقام پر لیپ کر دیں فوراً سکون حاصل ہوگا بعد میں رال کا مرہم لگایا کریں۔

نسخہ مرہم رال:۔

رال ۲ تولہ باریک پیس کر مکھن کو سو مرتبہ پانی سے دھو کر اس مین رال ملا کر مرہم بنائیں اور صاف کپڑے پر لگا کر مقام زخم پر لگادیں جلد ہی فائدہ ہو گا۔

پرانی کھانسی:۔

پرانی کھانسی سے آرام نہ آتا ہو تو ایک رتی پھٹکڑی شگفتہ دن میں تین بار شہد میں ملا کر چٹادیا کریں ۳۔۴ دن میں آرام ہو گا۔

برص کے داغوں کے لئے:۔

پیاز کا پانی شہد خالص اور نمک ملا کر کھرل کریں اور برص کے داغوں پر لیپ کروایا کریں چند روز کے استعمال سے داغ دور ہوں گے۔

سردیوں میں ہونٹ پھٹنا:۔

موسم سرما میں اکثر لوگوں کے ہونٹ پھٹ جاتے ہیں اس کے لئے تھوڑے سے تربوز کے بیج چھیل کر بہت کم پانی میں پیس لیں اور ہونٹوں پر لیپ کر کے سو جائیں صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں پھٹے ہوئے ہونٹ ٹھیک ہو جائیں گے۔

بالوں کی جڑیں مضبوط کرنے کے لئے:۔

یہ تدبیر مفید ہے کہ بالوں کی جڑوں میں شہد انگلیوں کی مدد سے لگایا جائے تو جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں اور بال گرنا بند ہو جاتے ہیں۔

آنکھ کے بہت سے امراض کے لئے

مغز بلیلہ کاغذی لیموں کے رس میں گھس کر گولیاں بنا کر حفاظت سے رکھ لیں ضرورت کے وقت ایک گولی کاغذی لیموں کے عرق میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔ آنکھوں کے بہت سے امراض کے لئے یہ دوا بہت مفید ہے

* * *

۱۔ طبی بیاض اِکرام حصہ اوّل و دوئم :-

طب پر ایک نادر و نایاب تصنیف جس میں حکیم سید اکرام حسین شاہ صاحب نے اپنے ذاتی مجربات اور اپنے احباب کے بہترین نسخہ جات کا اندراج بہترین انداز میں کیا ہے ہر حکیم و طبیب اور ہر باشعور شخص کے پاس اس کا ہونا بہت ضروری ہے۔ قیمت صرف ۵۰ روپے

۲۔ طبی بیاض اکرام حصہ سوئم :-

طب کے موضوع پر ایک اہم تصنیف جو کہ حکیم سید اکرام حسین شاہ کے ذاتی تجربات پر مشتمل ہے نہایت ہی آسان اور عام فہم زبان میں طبیب صاحبان کیلئے ایک نایاب تحفہ

قیمت صرف ۳۰ روپے

آغاز کتابت ______ ۱۶ فروری ۱۹۹۲ء
اختتام کتابت ______ ۳۰ مارچ ۱۹۹۲ء
______ محمد اسلم خوشنویس قصور

کار آمد معلومات

مرتّبہ

سیّد اکرام حسین سیکری

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ھیں

نام کتاب: کارآمد معلومات
مصنف: حکیم سید اکرام حسین شاہ چشتی سیکری
نگران: حکیم محمد افتخار حسین چشتی، علی شیر چشتی
معاون: محمد بلال سومرو چشتی
کتابت: محمد اسلم خوشنویس قصور
سال تصنیف:- سنہ ۱۹۹۶ء
سال اشاعت، سنہ ۱۹۹۷ء
تعداد اشاعت بار اول:- ایک ہزار
پریس: نیوفیمس پرنٹنگ پریس ہوم اسٹیڈ ہال چاوڑی حیدرآباد

ملنے کا پتہ
شیخ الرئیس فاؤنڈیشن
مکان نمبر ۱۵۳۰/ بمبیر آباد میرپورخاص، سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد کی خوبصورتی کے لئے

رات کو سوتے وقت زیتون کے تیل سے چہرے پر مالش کریں اور ایک ٹی اسپون تیل پی لیں ۔ اس عمل سے آپ کے چہرے کی خوبصورتی برقرار رہے گی ۔

چہرے کے داغ دُور کرنے کے لئے

چہرے کے داغوں کو دُور کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ پھٹکری باریک کر کے پانی میں ملائیں اور دن بھر میں سات مرتبہ چہرے پر لگائیں اور روئی کے پھاہے سے لگاتے رہیں ۔ چہرے کے داغ ایک ہفتہ میں ختم ہو جائیں گے ۔

آنکھوں کے گرد حلقے پڑنا

آنکھوں کے نیچے حلقے پڑ جائیں تو چہرے کی خوبصورتی ماند پڑ جاتی ہے یہ حلقے دُور کرنے کے لئے آلو کو باریک کریں اور اس کے پانی کو آنکھوں کے حلقے میں لگائیں ۔ دن میں کئی بار یہ عمل کریں ۔

کالے ہونٹ

اگر ہونٹ کالے ہوں تو لیموں کے چھلکے کو ہونٹوں پر آہستہ آہستہ ملیں ۔

ہونٹوں کا کالاپن دُور ہو جائے گا اور ہونٹ گلابی ہو جائیں گے ۔

پلکوں کا گرنا

اگر آپ کی پلکیں گرتی ہوں تو زیتون کا تیل اور گلیسرین ہم وزن لے کر باہم ملائیں اور ہلکے ہلکے پلکوں کا مساج کریں۔ اس عمل سے پلکیں گرنا بند ہو جائینگی ۔

دانتوں کی چمک

اگر دانت پیلے ہو جائیں اور چمک بھی ختم ہو جائے تو لیموں کے چھلکے پر کھانے کا سوڈا معمولی سا لگا کر دانتوں پر ملیں۔ اس عمل سے دانت سفید اور چمک دار ہو جائیں گے ۔

چاول خُوش رنگ بنانا

جب چاول اُبلنے لگیں تو اس میں لیموں کے رس کے چند قطرے ڈال دیں۔ چاول سفید ہو جائیں گے اور موتی کی طرح چمکیں گے ۔

کھٹمل دُور کرنے کی ترکیب

روغن تارجیل اصلی لے کر چارپائی کے بلوں میں جہاں انکی بودوباش ہو بھر دیں یا چھڑک دیں بس پھر کھٹمل سال بھر تک چارپائی کے قریب تک نہیں آئیں گے ۔ یہ ایک صاحب کا تجارتی نسخہ ہے ۔ وہ اس کی شناخت کو دُور کرنے کے لیے کوئی رنگ ملا دیتے ہیں ۔

ایضاً : صاحب نسخہ کہتے ہیں کہ انکے علاقہ میں کھٹمل بہت ستاتے

ہیں۔ اُنھوں نے اِس کے لئے ایک دیسی فلٹ تیار کیا ہے جو بہت کارآمد ہے اِس دوا کو بستر پر نہایت تھوڑی مقدار میں چھڑک دیا جاتا ہے بس پھر یہ قریب نہیں آئیں گے۔

چُونا قلعی : ۵ تولہ۔ پوسٹ ریٹھا : ۵ تولہ۔ نیلا تھوتھا : ۲ تولہ
گولی فینائل : ۲ تولہ۔

ہر ایک دوا الگ الگ پیس کر ملالیں۔ بس دوا تیار ہے۔

کالی سیاہی بنانے کا بےنظیر نسخہ

کالی سیاہی کے بیشمار نسخوں میں سے اِس کا انتخاب کیا ہے۔ اس کو حل کرنے چھاننے اور پکانے کا کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ یہ سیاہی رواں ہے اور ایسی رواں کہ ایک ڈوب سے پُورا کارڈ لکھا جاسکتا ہے۔ پختہ ایسی کہ لکھتے ہی پانی سے دھونے پر بھی حرف قائم رہتے ہیں۔ سستی ایسی کہ ایک پیسے میں ایک پاؤ پختہ اور عمدہ سیاہی بن جاتی ہے۔ ترکیب تیاری اتنی آسان کہ ایک منٹ میں سیروں نہیں منوں سیاہی بنا لیجئے۔ لطف یہ کہ خواہ دوات میں ڈال کر استعمال کریں یا قلم میں سب جگہ کام کرے گی۔ نہ سڑتی ہے نہ جمتی ہے نہ پھیلتی ہے۔ بے روزگار لوگ اگر اس کو بنا کر شیشیاں بھر کر خوبصورت لیبل لگا کر فروخت کریں تو معقول ذریعۂ آمدنی ہوسکتا ہے۔ نسخہ یہ ہے:

اعلیٰ درجہ کا پکا کالا رنگ ایک تولہ۔ کشید کیا ہوا سادہ پانی جس میں چکنائی نہ ہو ۱۲ چھٹانک۔ پس اس حساب سے تھوڑے پانی میں رنگ حل کر کے باقی سارے پانی میں ملادیں۔ بس سیاہی تیار ہے۔ اس میں کاربالک ایسڈ یا پھٹکری ملانے کی ضرورت نہیں ہے۔

ناخنوں کی صفائی

اگر کسی کے ناخن میلے ہوں تو ایک پیالہ پانی میں ایک چمچہ لیموں کا رس ملا دیں اور اس پانی سے ناخن صاف کریں۔ نہایت صاف اور چمک دار ہو جائیں گے۔

گھنی اور لمبی پلکیں بنانے کے لئے

پلکوں کی جڑوں میں روئی کی مدد سے صاف شدہ کسٹر آئل لگائیں۔ اس سے پلکیں گھنی اور لمبی ہو جائیں گی۔

میلا آئینہ صاف کرنا

روئی کو پٹرول میں بھگو کر ملنے سے تھوڑی دیر میں آئینہ کے تمام دھبے دُور ہو جائیں گے۔

کتابوں کی حفاظت کے لئے

الماری میں رکھی ہوئی کتابوں، رسالوں، اخبارات وغیرہ کو کیڑوں سے بچانے کے لئے نیم کی پتیاں اوراق میں ڈال دیں۔ کیڑوں سے محفوظ رہیں گی۔

اُونی ملبوسات کی دُھلائی

ان کو دھوتے وقت ایک چائے کے چمچے کے برابر زیتون کا تیل ملا دیں اس سے نرم اور گرم ہو جائیں گے۔

چینی کے برتنوں پر داغ

چینی کے برتنوں پر نمک رگڑنے سے داغ مٹ جائیں گے

نکتہ : اگر سورج نکلنے سے پہلے کچے فرش پر جھاڑو دے لیا جائے تو دھول نہیں اڑے گی ۔

دال جلد گلانے کے لئے

خربوزے کے سوکھے چھلکوں کو پیس کر سفوف بنا کر رکھیں اور یہ سفوف تھوڑا سا پتیلی میں ڈال دیا کریں ۔ اہلِ تجربہ کہتے ہیں کہ یہ ترکیب گوشت گلانے کے لئے مفید ہے ۔

کپڑوں پر داغ

ٹیبل کلاتھ یا کسی دوسرے کپڑے پر چائے قہوہ یا چاکلیٹ کے داغ پڑ گئے ہوں تو پانی میں سہاگہ ملا کر دھو ڈالیے ۔ پھر کسی کھردرے کپڑے سے پونچھ دیں ۔ داغ صاف ہو جائے گا ۔

پھلوں کے رس کے داغ

اکثر کپڑوں پر پھلوں سے داغ پڑ جاتے ہیں ۔ ایسے داغوں کو صاف کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ پانی میں انڈوں کا رس ملا کر کپڑے کو اس میں ڈال دیں اور دھو لیں ۔

پیلے سنگِ مرمر کو صاف کرنا

سنگِ مرمر اگر پیلا ہو گیا ہو تو اُسے صاف کرنے کے لئے نمک کا اِستعمال کریں۔ نمک سے رگڑ کر پانی سے دھو ڈالیں۔ دُودھ کی طرح سفید ہو جائیگا۔

کیل مُہاسے اور داغوں کے لئے

جن لڑکیوں کے چہرے پر کیل مہاسوں کے نشان ہوں انکے لئے نہایت آسان اور فائدہ مند نسخہ یہ ہے کہ مصری کی ڈلی کو ایک گلاس پانی میں رکھ دیں۔ اس وقت تک مصری کو پانی میں رہنے دیں جب تک کہ وہ خود قدرتی طور پر پانی میں خود حل نہ ہو جائے اور پانی خوب گاڑھا نہ ہو جائے۔ پھر وہ پانی ایک بوتل میں محفوظ کریں

لگاتے وقت ہتھیلی میں مصری کا گاڑھا پانی بھر کر نشان والی جگہوں پر دس منٹ تک مساج کریں۔ جب یہ پانی خشک ہو کر جھڑنے لگے تو چہرہ دھو لیں۔ یہ عمل دن میں دو بار صبح و شام کریں۔ اس کا اثر دیر سے ہو گا تقریباً ایک ماہ بعد۔ لیکن یہ بہترین طریقہ ہے۔

دانتوں کی پیلاہٹ کے لئے

اگر لیموں کا رس برش پر لگا کر دانت مانجھ لئے جائیں تو دانتوں کی تمام پیلاہٹ دور ہو جاتی ہے۔

بالوں کا گرنا

لیموں کا رس پانچ گنا گرم پانی میں ڈال کر سر دھونے سے بال گرنا بند

سنگِ مرمر کو صاف کرنا

اگر سنگِ مرمر میلا ہو جائے تو اس پر نمک چھڑک کر رگڑ کر پانی سے دھو ڈالیں۔ بالکل صاف اور آبدار ہو جاتا ہے۔

نمک کم کرنے کے لئے

سالن یا کسی رقیق چیز میں نمک زیادہ پڑ گیا ہو تو اُسے کم کرنے کے لیے کوئلہ کو دھو کر ڈال دیں۔ یہ زائد نمک چوس لیتا ہے۔

نکتہ : تانبے کی سوئی سے اگر کان چھیدا جائے تو سوراخ بند نہیں ہوتا۔

شہد کا فائدہ

شہد جسمِ انسانی کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کو کھانے والا دوسروں کے مقابلے میں کم عمر لگتا ہے۔ چہرہ نورانی دکھائی دیتا ہے۔ کبھی فسادِ خون پیدا نہیں ہوتا اور نظر کمزور نہیں ہوتی۔

مچھلی کا کانٹا پھنسنے پر

اگر مچھلی کا کانٹا حلق میں پھنس جائے تو کاغذی لیموں کا عرق نچوڑ کر حلق میں ڈالیں۔ کانٹا گل جائے گا۔ یہ عمل دو تین بار کرنا ہو گا۔

نکتہ :

سخت گوشت کے سلسلہ میں یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ گوشت پکاتے

وقت چمچہ بار بار لگانے سے گوشت جلد نہیں گلتا اور ذائقہ میں بھی کمی آجاتی ہے۔

کھٹمل دور کرنے کے لئے

اجوائن دیسی کی چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں بنا کر چارپائی میں باندھ دینے سے کھٹمل بالکل ہی ختم ہو جاتے ہیں۔

لُو کے اثر سے بچنے کے لئے

سخت گرمیوں کے دنوں میں جب تیز لُو چلتی ہے تو سفید پیاز جیب میں رکھیں۔ لُو کا اثر نہیں ہوگا۔

شہد کی مکھی کاٹے تو

مقامِ نیش پر پیاز کا چھلکا گھِس کر لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

پھول تازہ رکھنے کے لئے

گلدستے کے پانی میں کوئلہ کا چورا ڈالنے سے پھول کافی دنوں تک نہ مرجھائیں گے۔ یا گلدستے کے پانی میں صابن کا چورا ڈالنے سے بھی نہ مرجھائیں گے۔

چلا کر بات کرنا

زیادہ چلا کر بات کرنے سے جسم کمزور ہو جاتا ہے اور سر میں خشکی پیدا ہو جاتی ہے۔

سفید بال کالے کیجئے

ایک ناریل لیں اور اس کی کھوپڑی لیکر جلا کر ناریل کے تیل میں ملا کر رات

سوتے وقت لگائیں اور سر پر رومال باندھ کر سو جائیں۔ چند روز یہ عمل کریں۔ چند روز میں سفید بال کالے ہو جائیں گے۔

جوئیں ختم کرنے کے لئے

کھل یا کھلی جیسے بیجوں سے تیل نکالنے کے بعد پھوگ اکٹھا ہو جاتا ہے۔ مثلاً بنولہ۔ تخم سرسوں وغیرہ۔ اسی طرح بادام روغن نکالنے کے بعد جو کھلی بچتی ہے اس کے تین فائدے رقم ہیں۔ استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں:-

۱۔ سر کے بالوں کی جوئیں بالکل ہی ختم کر دیتی ہے۔ اس کے لگانے سے سر کی پھنسیاں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔

۲۔ نظر تیز ہو جاتی ہے۔

۳۔ باداموں کی کھلی قدرے سخت ہوتی ہے۔ کوٹ کر باریک کر کے پانی میں حل کر کے لسی سی بنا لیں اور بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔ چند گھنٹوں کے بعد دھو ڈالیں۔ صابن نہ لگائیں۔

آنکھوں کے حلقے دور کرنے کے لئے

آنکھوں کے گرد حلقے کسی لوشن سے نہیں جاتے۔ اس کا بہتر علاج یہ ہے کہ ہر رات سوتے وقت زیتون کے تیل کی چہرے پر مالش کر کے سویا کریں۔ آنکھوں کے ارد گرد اور ہونٹوں کے اوپر بھی دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے کنارے تک پانچ یا سات منٹ تک، مالش کریں۔ اس سے چہرہ صاف ہو جائے گا۔

سر کے بال جھڑنا

سر پر سرسوں کا تیل نہ لگائیں۔ اس کی جگہ روغن لبوب سبعہ لگائیں۔

بال جھڑنا بند ہو جائیں گے۔

مکھیوں سے نجات

نازک مزاج مرد اور عورتیں مکھیوں سے بہت گھبراتے ہیں۔ اس کا بہتر علاج یہ ہے کہ کمرے میں ایک ہرے پودینے کی شاخ لگا دیں۔ مکھیاں بھاگ جائیں گی۔

بالوں کی خشکی

ناریل کے تیل میں آدھا لیموں ڈال کر چھینٹ کر استعمال کریں۔ خشکی دور ہو جائے گی۔

آئینہ صاف کرنا

صاف پانی میں سرکہ ملا کر آئینہ صاف کرنے سے جلدی صاف ہو جاتا ہے اور چمک بھی آجاتی ہے۔

گلا خراب ہونے پر

چار پانچ لونگ بھون کر شہد میں ملا کر کھائیں تو گلا صحیح ہو جائے گا۔

مکھیاں بھگانا

پوچے کے کپڑے میں سرسوں کا تیل تھوڑا سا ڈال کر پوچھا لگائیں
مکھیاں بھاگ جائیں گی۔

ہاتھوں و کہنیوں کی صفائی

لیموں کے عرق اور سرکہ کو اگر برابر مقدار میں ملائیں تو اس سے

اور کہنیوں کی صفائی آسانی سے ہو سکتی ہے۔ پیروں اور جسم پر بھی اس کی مالش کی جائے تو بھی فائدہ ہو گا

داغ دھبے دور کرنا

سمندری پانی کے جھاگ میں لیموں کا عرق ملا کر چہرے پر لگائیں تو چہرے کے ہر قسم کے داغ دھبے دور ہو جائیں گے۔

چھائیاں دور کرنے کے لئے

اگر چہرے کی چھائیوں پر مسور کی دال کو دودھ میں بھگو کر لیموں کے عرق کے ساتھ باریک لیپ کریں تو چھائیاں آہستہ آہستہ دور ہو جائیں گی۔

یرقان دور کرنے کی ترکیب

تین چھٹانک پانی میں دو لیموں کا عرق نچوڑ کر سوتے وقت پی لیجئے۔ یہ تدبیر یرقان کے لئے بہت مفید ہے۔ چھ سات دن میں نمایاں فائدہ ہوتا ہے۔

چہرہ خوبصورت رکھنا

غسل کے بعد چہرے پر لیموں کا عرق ملیں۔ کچھ دیر کے بعد سرسوں کا تیل لگائیں۔ پھر تولئے سے پونچھ لیں۔ چند بار یہ عمل کریں۔ چہرہ خوبصورت ہو جائے گا۔

منہ کی بو دور کرنا

بہت سے لوگوں کے منہ سے بو آتی ہے۔ ایسے لوگ اگر کچھ عرصہ تک

انجیر استعمال کریں تو یہ شکایت دور ہو جائے گی۔ سر کے بال بڑھیں گے۔ اس عمل سے فالج کا خطرہ بھی کم ہو جاتا ہے۔

اپنے حُسن کو تازہ رکھنا

رات کو سونے سے قبل ایک گلاس نیم گرم پانی میں آدھا لیموں نچوڑیں۔ پھر اس میں آدھا چمچہ سونٹھ، ایک چٹکی پسی ہوئی مرچ، ایک چمچہ شہد ایک لہسن کچل کر ڈالیں اور پی کر سو جائیں۔ یہ تدبیر آپ کے حسن کو تازہ رکھے گی۔

پھٹے ہوئے ہونٹ دُرست

تھوڑی سی گلیسرین میں چند قطرے لیموں کے ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ اور روزانہ رات کو اپنے ہونٹوں پر لگائیں۔ چند ہی روز میں اصلاح ہو جائیگی۔

آہنی ہتھیار صاف رکھنے کیلئے

مُرغ کا پتہ ارنڈی کے تیل میں حل کر کے ہتھیاروں پر لگائیں۔ ہتھیار زنگ آلودہ نہ ہوگا اور مثلِ آئینہ صاف و شفاف رہے گا۔

چہرہ سفید رکھنے کے لئے

گندمی رنگت کی حامل خواتین اگر مکئی اور جَو کا آٹا برابر وزن لے کر گرم پانی میں بھگو لیں۔ پھر اس میں آدھے لیموں کا رس ملائیں اور لیپ بنا کر چہرے اور گردن کا مساج کریں اور پھر آدھے گھنٹے کے بعد گرم پانی سے دھوئیں۔ ہفتہ میں چار مرتبہ یہ عمل دہرائیں تو چہرہ سفید ہونا شروع ہو جائیگا۔

چہرہ صاف کرنے کے لئے

تخم خشخاش باریک پیس کر (پانی ڈال کر پیس) چہرہ پر ملیں۔ دس منٹ کے بعد چہرہ نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں

جلد ترو تازہ رکھئے

انڈے، گوشت، پنیر، پھل اور سبزیوں کا استعمال آپ کی جلد کو ترو تازہ رکھتا ہے۔

دردِ سر دُور کرنے کے لئے

ایک چھوٹا چمچہ لیموں کا رس، ایک پیالہ بھر سیاہ قہوہ پانی میں ڈال کر پینے سے سخت دردِ سر دُور ہو جاتا ہے

جلے ہوئے مقام پر ٹھنڈک پیدا کرنے کیلئے

جلے ہوئے مقام پر اگر فوری طور پر کسٹر آئیل لگایا جائے تو ٹھنڈک پڑ جاتی ہے اور جلے کا نشان بھی باقی نہیں رہتا

دمہ کی تکلیف کم کرنا

چار حصہ شہد میں ایک حصہ سہاگہ بریاں ملا کر چاٹیئے۔ اس ترکیب سے دمہ کی تکلیف کم ہو جاتی ہے

ناخنوں میں چمک پیدا کرنا

اگر ناخنوں میں چمک نہیں ہے تو لیموں کا رس اُن پر ملیئے چند مرتبہ

یہ عمل کرنے سے ناخن چمک اٹھیں گے۔

دماغی کمزوری کے لئے

شہد بہت مفید ہے۔ رات کو سوتے وقت ایک کپ چائے میں دو چمچے شہد ملا کر پینے سے دماغی کمزوری دُور ہو جاتی ہے۔

جگر کی سُستی دور کرنے کے لئے

گرم پانی میں لیموں کا رس ڈال کر پینے سے جگر کی سُستی دور ہو جاتی ہے اور بھوک بڑھ جاتی ہے۔

۳۰. کلید شفاء:

برصغیر کے عظیم ترین طبیب حاذق و نبض شناس حکیم سید اکرام حسین شاہ صاحب کی تصنیف کردہ ایک منفرد کتاب جس میں آپ نے آسان و اہم نسخہ جات نہایت ہی خوبصورت انداز میں تحریر کیے ہیں۔ قیمت صرف ۳۰ روپے

۳. فیوضات اطبا

حکیم حضرت سید اکرام حسین شاہ صاحب کی ایک نایاب تصنیف اس کتاب میں نایاب و اہم نسخوں کا اندراج کیا گیا ہے۔ طبیب صاحبان کیلئے ایک مفید و نایاب کتاب۔
قیمت صرف ۳۰ روپے

آغاز نوشت ——→ ۲۹، ستمبر ۱۹۸۹ء

اختتامِ نوشت —— ۱۲، اپریل ۱۹۹۲ء

○ کتابوں کے نام ○

(۱) کشکول اکرام (۲) زنبیل اکرام (۳) طبی بیاض اکرام حصہ اول دوئم (۴) طبی بیاض اکرام حصہ سوئم (۵) کلیہ شفاء (۶) فیوضات اطباء (۷) عجائبات طب (۸) بیاض عملیات و تعویزات (۹) جڑی بوٹیوں سے علاج

ملنے کا پتہ

۱۔ شیخ الرئیس فاؤنڈیشن
مکان نمبر ۱۵۳۰ ہیر آباد، میرپورخاص سندھ

۲۔ خانقاہ عالیہ چشتیہ
پوسٹ بکس نمبر ۲۸ میرپورخاص سندھ

۳۔ مکتبہ ملی
بکسیلرز اسٹیشنری مارٹ
ڈاکخانہ چوک اسٹیشن روڈ، میرپورخاص فون نمبر ۲۰۵۳۳۳

۴۔ سلطان المشائخ فاؤنڈیشن
گلی نمبر ۵، خادم آباد کھارا روڈ قصور پنجاب

۵۔ کیپٹل نیوز
شاہی بازار بہاولپور۔ فون نمبر ۸۷۳۳۹۔ کوڈ ۰۲۶۱

۶۔ خانقاہ عالیہ چشتیہ
ڈیرہ نواب صاحب، ضلع بہاولپور، پنجاب

۷۔ صداقت بک ڈپو
اسٹیشن روڈ حیدر آباد فون نمبر ۷۸۳۱۳۵

خانقاہ عالیہ چشتیہ پوسٹ بکس نمبر ۲۸ میرپورخاص سندھ